بروقپالوگ

اور

بروقسکت زبان

(تاریخی پس منظر اور لُغت)

رازول کوہستانی

ISBN: 978-969-7881-08-6

بروقپا
لوگ
اور
بروقسکت
زبان

رازول
کوہستانی

بروقپالوگ

اور

بروقسکت زبان

رازول کوہستانی

ISBN: 978-969-7881-08-6

طبع اوّل : 2023

کتاب : برو قپالوگ اور برو قسکت زبان

مصنف : رازول کوہستانی

ایڈیشن" ڈیجیٹل

پبلشر انڈس کوہستان پبلیکیشنز

صفحات 100

قیمت : 400 روپے

Mobile: +92344955946

Email: razwal@gmail.com

بروقیا لوگوں

کے نام

فہرست

شِین داردبروقپالوگ

شین دارد آریاؤں کے وہ قدیم لوگ جو آج کل لداخ کے اضلاع لیہہ، کارگل اور پاکستان کے ضلع کھرمنگ میں مرول، گنوخ، ژھے ژھے تھنگ اور دنسر میں پائے جاتے ہیں بروقپا کہلاتے ہیں۔ تبتی اور بلتیوں نے انہیں بروقپا (پہاڑوں میں رہنے والے) اور ان کی زبان کو بروقسکت (بروق + سکت) کا نام دیا ہے اور یہ نام اب کلی طور پر تحریر و تحقیق میں ان کی شناخت کا حوالہ بن گیا ہے۔ یہ لوگ اپنے آپ کو اس خطے میں بچے ہوئے آخری غیر مخلوط آریائی نسل کہلانے پر فخر محسوس کرتے ہیں اور لداخ میں اپنے علاقے کو آرین وادی بھی کہتے ہیں۔ بروقپالوگوں کا نسبی ولسانی تعلق شمالی پاکستان کے شین داردلوگوں سے ہے۔ داردلوگوں کے دو قدیم قبیلے یا گروہ اب بھی اپنی قدیم رسومات اور مخصوص لباس کے باعث مقامی اور بیرونی لوگوں کے لیے خاص دلچسپی کا باعث ہیں۔ ان میں ایک دارد گروہ ہندوکُش کے دامن میں ضلع چترال کی وادیوں بمبوریت، رمبور اور بریر میں کالاش کے نام سے جانا جاتا ہے جب کہ دوسرا شین دارد گروہ جسے بروقپا کہا جاتا ہے لداخ میں لیہہ اور کارگل کے اضلاع کے علاوہ پاکستان میں ضلع کھرمنگ میں پایا جاتا ہے۔

بروکپا کی ایک اصطلاح لداخ اور پاکستان کے علاوہ اروناچل پردیش کے اضلاع کیمانگ اور توانگ کے خانہ بدوش قبائل کے لیے بھی استعمال کی جاتی ہے۔ اسی طرح یہ اصطلاح بھوٹان کے ضلع تریشیگانگ کے ایک قبیلے کو بھی بروکپا کہا جاتا ہے اور ان کی زبان کو بروکپا بولی۔ اس کا اصل معنی پہاڑوں میں رہنے والے خانہ بدوش ہے تاہم لداخ اور کھرمنگ میں بروقپا(بروکپا) سے مراد وہ قدیم آریائی شین دارد لوگوں سے ہے جو پہلی صدی عیسوی کے دوران مرکزی شینا بولنے والے شین دارد لوگوں سے الگ ہوئے اور ان کا بھوٹان یا اروناچل پردیش کے بروقپالوگوں سے کوئی تعلق نہیں۔

لداخ کے مشرق میں چین کا علاقہ تبت، مغرب میں جموں کشمیر، شمال میں چین اور جنوب میں ہماچل پردیش کی ریاست واقع ہے۔

لداخ کا قدیم نام جنگ جُونگ اور مریول تھا۔ چینی سیاح فاہیان نے اسے خاچن یا کِھچا کا نام دیا ہے۔ ہوانگ سانگ نے اسے مولوسو اور سانپو کہا ہے۔ یونانی مورخ پٹولمی نے لداخ کو لسے افاسا کا نام دیا تھا۔ ایرانی تاریخ دانوں نے اسے تبت خورد اور تبت کلاں کے نام سے یاد کیا ہے[1]۔ لداخ کا علاقہ خشک پہاڑوں پر مشتمل ہے۔

شِین داردلوگوں کا پس منظر

دارد نسبی طور پر آریائی ہیں جنہوں نے قدیم دور میں کاکیشیا سے نقل مکانی کی اور مختلف ادوار میں برصغیر تک پہنچے۔ داردلوگوں کے متعلق سب سے قدیم حوالے کا ماخذ 9ویں (یا15ویں)صدی قبل مسیح میں تصنیف کی گئی مہابھارت[2] ہے جس کی جلد 1، 2، 3، 5، 6، 7، 8 میں 24 سے زائد مقامات پر دارد

---

[1] عبدالغنی شیخ،2005۔ کریسنٹ پبلی کیشنز، جموں

[2]. The Mahabharata of Vyasa, Transcreated from Sanskrit by P. Lal ؛310 [جلد1،ص۔
جلد2،ص۔144؛جلد2،ص۔242؛جلد2،ص۔318؛جلد2،ص۔370؛جلد3،ص۔242؛جلد3،ص۔804؛جلد5۔
؛ جلد7،ص۔59؛جلد7،ص۔112؛جلد7،صجلد7،763ص۔20؛جلد6،ص۔365؛جلد6،ص۔368؛جلد6،ص۔
ص۔412؛جلد7،ص۔566؛جلد7،ص۔581؛جلد7،ص۔631؛جلد8،ص۔1014،1015]

لوگوں کا ذکر پایا جاتا ہے جنہوں نے دوسری ذاتوں کے شانہ بشانہ مہابھارت کی مشہور جنگ میں حصہ لیا۔ ہندوؤں کی یہ مقدس کتاب اٹھارہ جلدوں میں پچیس لاکھ الفاظ کے ذخیرہ پر مشتمل ایک منظوم رزمیہ داستان ہے جس میں جنگ کے واقعات، علاقوں اور کئی ذاتوں اور قبیلوں کا ذکر پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ مہابھارت پر لکھی گئی کئی شرحوں میں بھی دارد لوگوں اور ان کے علاقوں کا وضاحتی ذکر پایا جاتا ہے۔ مہابھارت میں اِنہیں دَرَادا اور علاقوں کو دَرَاداس کہا گیا ہے اور اسی کی بنیاد پر بعد کے محققین نے دَرَادا یا دارد کے ساتھ "ستان" کا لاحقہ لگا کر اس خطے کو "داردستان" کا نام دیا ہے۔ مہابھارت کی جنگ میں دارد سرداروں اور لوگوں نے پانڈوؤں کا ساتھ دیا تھا جس میں انہیں شکست ہوئی تھی۔

مہابھارت کے بعد دارد لوگوں کا زیادہ ذکر پنڈت کلہن کی مشہور تاریخی کتاب راج ترنگنی میں پایا جاتا ہے جو 9-1148 عیسوی میں لکھی گئی تھی جس میں شین دارد لوگوں کی کشن گنگا کے آس پاس اور شمالی پاکستان میں موجودگی کی تصدیق ہوتی ہے۔

یونانی مورخ ہیرودوٹس (Herodotus, 424-485 BC) نے ان قبائل کو Daradæ یا Daradræ کا نام دیا ہے۔ ہیرودوٹس نے اس اصطلاح کو بطور جغرافیائی نام بھی استعمال کیا ہے ایک Andarae اور دوسرا Daradae یعنی گندھارا اور دَردیکائے (دَرادائے) کا علاقہ۔ سٹرابو (63 ق م۔ 23 عیسوی) کی کتاب میں ان قبائل کو دردائی کا نام دیا گیا ہے۔ مور کرافٹ (1837) نے اپنے سفر نامہ Travels in the Himalayas میں ان قبائل کو دَارِدُو (Dardu) کے نام اور چلاس کو دَارِدُو چلاس مُلک کا نام دیا ہے۔ Vigne (1842) نے بھی اپنے سفر نامے Travels in Kashmir جلد اوّل، صفحہ 300 میں ان قبائل کو Dardu اور علاقے کو Dardu Country کے نام سے یاد کیا ہے۔ Schomberg (1853) نے اپنی کتاب Travels in India and Kashmir جلد اوّل و دوئم میں اور Knight (1893) نے اپنی کتاب Where Three Empires Meet کے صفحہ 104 پر

ہندوستانی محکمہ آثار قدیمہ یہ دعوی بھی کرتا ہے کہ مہابھارت پندرہ سے دو ہزار قبل مسیح کے دور میں تصنیف کی گئی نہ کہ نو سو یا ایک ہزار قبل مسیح میں (رازول)۔

ان قبائل کوDard کے نام سے موسوم کیا ہے۔ Neva (1915) نے اپنی کتاب Beyond the Pir Punjal میں ان قبائل کوDard کا نام دیا ہے۔ ان کے بعد آنے والے دوسرے نامور اور مستند محققین اور مورخین جن میں فریڈرک ڈریو(1875)، جان بڈلف(1880)، راورٹی(1881)، لٹنر (1893)، اوسکر (1896)، روبرٹسن (1899)، گریرسن (1906، 1908)، 1927، 1928)، Francke(1907)، بیلی (1915)، مورگنسٹرن، (1927)، لاریمر (1935)، اورل سٹین (1930، 1933) ,، ٹوچی (1963)، ڈاکٹر کارل یٹار (1986، 1980، 1989) اور احمد حسن دانی (1989) نے اپنی مختلف کُتب میں جگہ جگہ ان قبائل کے لیے دارد، داردی، دراڈو اور داردک کا نام استعمال کیا ہے۔ یہ نام عمومی طور پر اُن قبائل کے لیے ایک مشترکہ نام ہے جو کُشن گنگا سے ہندوکُش تک پھیلے ہوئے پہاڑی علاقوں یا درّوں میں آباد اور مختلف داردی زبانیں بولتے ہیں تاہم ان میں بلتی اور بروشسکی بولنے والے شامل نہیں۔ مہابھارت میں دَرَادا(دارد)لوگوں کے کثرت ذکر سے ایک بات یہ بھی واضع اور ثابت ہوتی ہے کہ شینااور داردی زبانیں برصغیر کی دوسری پراکرتوں سے قدیم ہیں کیوں کہ برصغیر میں پراکرتوں کا دورکافی بعد میں شروع ہوتا ہے جب کہ داردی مہابھارت کے دور میں اپنی الگ نسبی و لسانی شناخت کے حامل تھے۔ داردوں کے متعلق چترال کے معروف محقق جناب ممتاز حسین[3] کا کہنا ہے کہ:

لسانیاتی اور بشریاتی تحقیقات سے یہ امر تقریباً ثابت شدہ ہے کہ داردی لوگ انڈوآرئین لہر کی ایک شاخ ہیں جو بڑی لہر سے الگ ہو کر شمال میں ہندوکش کے دامن کی طرف مڑ گئی تھی۔ یہ لوگ اس علاقے میں آباد ہو گئے جسے گندھارا کہا جاتا ہے یعنی پھوٹوہار، ہزارہ اور دریائے کابل کی وادی بشمول وادئی پشاور، ننگرہار اور کابل۔ ان کی کچھ تعداد ابتدائی زمانے ہی میں ہندوکش کی وادیوں میں نفوذ کر گئی تھی۔ اس بات کا ثبوت جدید آرکیالوجیکل تحقیقات سے ہوتی ہے جن کے مطابق چترال کے بالائی ودیوں سے لیکر

[3] ممتاز حسین، داردی لوگوں کی کہانی۔

پھوٹوہار تک ایک ہی تہذیب سے تعلق رکھنے والے لوگ آباد تھے۔ اس تہذیب کے آثار بیشتر قبروں کی صورت میں ملتے ہیں اس لیے اس تہذیب کو Gandhara Grave Culture کا نام دیا گیا ہے۔
اندازہ ہے کہ گندھارا تہذیب کے عروج کے زمانے میں اس علاقے کی آبادی کی اکثریت داردی نسل پر مشتمل تھی۔ اس زمانے میں بدھ مت اس علاقے کا غالب مذہب تھا۔ مذہبی اثرات کے تحت سنسکرت علاقے کی علمی زبان تھی اور لکھنے پڑھنے کا کام اسی زبان میں ہوتا تھا۔ تاہم بول چال کے لیے داردی لوگوں کی اپنی زبانیں استعمال ہوتی تھیں۔ یہ گندھارا تہذیب کا زمانہ داردی لوگوں کا زریں عہد تھا اور یہ علاقہ دنیا کے متمدن ترین خطوں میں شمار ہوتا تھا۔ (ممتاز حسین، **لوگوں کی کہانی (Dardic) داردی**)۔

آثار قدیمہ

پاکستان کے شمال میں پچاس ہزار سال تا پندرہ ہزار سال قبل وسطی حجری دور کا انسان ان علاقوں میں رہتا تھا۔ تین ہزار سال قبل مسیح میں ان علاقوں میں جنگلی بکروں اور چٹانی اشکال سے سادہ شکاری انسان کے دور کا آغاز ہوا۔ شمالی پاکستان میں چلاس، تھلپن، دَدَم داس اور شتیال میں پائی گئی قبل از تاریخ کی چٹانی اشکال میں انسان کی سادہ شکلیں، پاؤں، ہاتھ اور بعض حیواناتی اشکال پائی گئی یں۔ ماہرین آثار قدیمہ کے مطابق ان چٹانی اشکال کی سائبیریا کے تین ہزار سال قبل کی Okenev ثقافت سے کافی مشابہت پائی جاتی ہے[4]۔
محقق رشید اختر ندوی[5] کا کہنا ہے کہ شمالی پاکستان کی قدیم چٹانی اشکال یا تصویری رسم الخط کی کُھدائی بہت کہنہ ہے جو وادی ژوب کے آخری حجری دور سے بے حد مشابہ ہے۔ ان علاقوں سے دریافت ہونے والے آثار قدیمہ میں مُٹھ دار کلہاڑے، جانوروں کے بعض مُجسمے، دیگیں، تانبے و کانسی کے کلہاڑے،

[4] Ditte Bandini-Koning, Martin Bemmann, Harald Hauptmann, 1997. Rock Art in the Upper Indus Valley, (P-52)

[5] رشید اختر ندوی، 1990۔ "شمالی پاکستان" سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور

چھٹے، چمچوں کی ساخت وبناوٹ، وضع اور نوعیت موہنجوداڑو اور وادی ژوب کے کلہاڑوں اور اس عہد کی ہے جو تین ہزار سے چار ہزار سال قبل مسیح کا دور تھا۔ گویا شمالی پاکستان میں بھی موہنجوداڑو اور وادی ژوب کے عہد سے ملتی جلتی ایک دارد تہذیب موجود تھی۔

اس علاقے میں بدھ مت سے متعلق بے شمار چٹانی کندہ آثار پائے جاتے ہیں جو سوات سے انڈس کوہستان، گلگت، بلتستان اور لداخ تک پائے جاتے ہیں[6]۔

لداخ کے بعض مقامات سے پتھر کے قدیم دور اور نئے دور کے پتھروں کے کلہاڑے دستیاب ہوئے ہیں۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس علاقے میں بھی قبل از تاریخ کے انسان آباد تھے۔ یہاں قبل از تاریخ کے انسانوں کے رہنے کے کئی غار بھی دریافت ہوئے ہیں۔ لداخ میں قدیم دور کی قبریں بھی دریافت ہوئی ہیں۔ ان قبروں سے ملنی والی انسانی کھوپڑیاں ڈھائی ہزار سال قدیم بتائی جاتی ہیں۔ (عبدالغنی شیخ، 2005، ص 21،22)

لیہہ سے سو کلومیٹر دور دریافت ہونے والے ایک چولہے کی راکھ کے نمونے اور اس کے ریڈیو کاربن لیباٹری تجزیہ سے دریافت ہوا کہ یہ چولہا 6500 سال پرانا اور وادی سندھ کی تہذیب سے دو ہزار سال قدیم ہے۔ اس کے علاوہ ان علاقوں میں قدیم غار بھی دریافت ہوئے ہیں جو چار ہزار سال پرانے بتائے جاتے ہیں۔ اسی طرح رونگ کے ایک علاقہ سے پرانی قبریں بھی دریافت ہوئی ہیں۔ ان قبروں میں بیس بیس کھوپڑیوں کی موجودگی بتائی گئی ہے۔ محقق فرانکی کا کہنا ہے کہ قبریں داردوں کی ہیں اور دریافت ہونے والی کھوپڑیاں ڈھائی ہزار سال پرانی ہیں[7]۔ قدیم دارد لوگ اپنے مُردوں کے ساتھ ان کی پوشاک، زیورات اور برتن بھی دفناتے تھے۔ لداخ کا قدیم مذہب بون تھا۔ اس مذہب کی ابتدا ایران سے ہوئی۔ یہ پارسیوں کا ایک ذیلی فرقہ تھا۔ ایرانی 5 ویں صدی قبل مسیح تبت آئے تھے۔ بون مذہب میں آئی بیکس کو خاص اہمیت حاصل رہی ہے۔

---

[6] تفصیل کے لیے دیکھیں راقم کا مضمون شمالی پاکستان کے آثار قدیمہ مطبوعہ سربلند، 2021

[7] عبدالغنی شیخ، 2005، ص: 22،24

لداخ کے بروقپا[8] لوگ

Tashi Namgail نے اپنی کتاب History and Culture of Dard People of Ladakh میں کہاہے کہ لداخ کی طرف دارد بروقپالوگوں کی ہجرت دوسری صدی قبل مسیح میں جنوب کی طرف سے شروع ہوئی اور یہاں پہنچنے والے بروقپالوگوں نے لداخ کے زیریں علاقے کو اپنی آبادکاری کے لیے منتخب کیا۔ اس علاقے میں ان کی ہجرت 15ویں صدی عیسوی تک جاری رہی۔
میرے خیال میں Tashi Namgail کا کہنا کہ یہ لوگ دوسری صدی قبل مسیح کے زمانے میں لداخ میں داخل ہوئے شاید درست نہ ہو بلکہ دوسری پہلی عیسوی کازمانہ کہاجانازیادہ مناسب ہوگا اور یہ نقل مکانی دوسری عیسوی سے 17ویں عیسوی تک جاری رہی ہے۔ دوسرا یہ کی بروقپالوگ لداخ میں شمال مغرب یعنی گلگت بلتستان سے داخل ہوئے نہ کہ جنوب سے یعنی ہماچل پردیش پنجاب سے۔
لداخ کے بروقپالوگوں کانسبی ولسانی تعلق گلگت کے قدیم دارد شین آریائی لوگوں سے ہے۔ لداخ میں داہ سے لے کر چُلیچن تک جتنے بھی بروقپالوگ پائے جاتے ہیں ان کی اکثریت غیر مسلم ہے تاہم یہاں کم تعداد میں مسلم بروقپا بھی پائے جاتے ہیں۔ لائین آف کنٹرول سے پاکستان کی طرف آباد بروقپا اپنا قدیم مذہب چھوڑکر اسلام قبول کرچکے ہیں۔
لداخ کے بروقپا اپنے مخصوص لباس اور قدیم روایات کو اپنائے ہوئے ہندوکُش کے کالاش لوگوں کی طرح اپنے آپ کو خالص آریائی نسل قرار دیتے ہیں۔ بروقپا خواتین کا مخصوص بھاری بھرکم لباس، چاندی کے زیورات، موتیوں کی بھاری مالائیں , سیپیوں کا استعمال اور سرپر سجائے ہوئے پھولوں کے اونچے گچھے خاص اہمیت کے حامل سمجھے جاتے ہیں اور یہی مماثلت ہمیں کالاش خواتین میں بھی نظر آتی

---

8 بروکپا کی اصطلاح لداخ اور پاکستان کے علاوہ اروناچل پردیش کے اضلاع کیانگ اور توانگ کے خانہ بدوش قبائل کے لیے بھی استعمال کی جاتی ہے۔ اسی طرح یہ اصطلاح بھوٹان کے ضلع تریشیگانگ کے ایک قبیلے کو اس کی زبان کو بروکپابولی کہاجاتاہے۔(رازول)

ہے۔ بروقپا مرد اور خواتین اپنا مخصوص لباس صرف تہواروں اور خاص مواقعوں کے دوران پہنتے ہیں اور عام دنوں میں سادہ اور عام لباس پہنا جاتا ہے۔

قدیم دور میں پورے بلتستان میں شینا اور بروقسکت بولنے والے لوگ آباد تھے اور منگول نسل کی تبتی شاخ سے تعلق رکھنے والے بلتی لوگ ان کے بعد بلتستان میں وارد ہوئے۔ ماہر لسانیات گریرسن کے مطابق قدیم دور میں شینا زبان تبت تک پھیلی ہوئی تھی [9] (جس میں شینا اور بروقسکت شامل ہے)۔

بلتستان کے بلتی لوگوں اور بلتی زبان کے چاروں بیرونی اطراف میں شین دارد لوگ پائے جاتے ہیں اور شینا یا بروقپا زبان بولی جاتی ہے اور بلتی اس کے وسط میں آباد ہیں۔

آثار قدیمہ کی باقیات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان علاقوں میں بروقپا حکمرانوں کا بھی ایک خاص دور رہا ہے[10]۔ بقول Francke (1907) خلتسے کے مقام پر دریائے سندھ کے کنارے دارد بادشاہوں کے خاندان کا ایک قلعہ تھا جس کا آخری شین دارد بادشاہ شیر نگما گیاشن تھا۔ اسی طرح ایک اور شین دارد بادشاہ ٹھاٹھاخان کے قلعے کا کارگل میں چکتن کے علاقے میں ذکر ملتا ہے جس کی تعمیر کا آغاز اُنہوں نے آٹھویں صدی عیسوی میں شروع کروایا تھا۔

838 عیسوی سے پہلے بلتستان تبت سے منسلک ایک صوبہ تھا [11]۔ تبت کے آخری مقتول حکمران خلنگ دھرما کے بعد بلتستان تبت سے الگ ہو گیا اور یہاں مقامی سطح پر علاقائی ریاستیں وجود میں آئیں۔ 1947ء کے زمانے تک موجودہ پاکستانی اور ہندوستانی دارد بروقپا لوگوں کا آپس میں آزادانہ رابطہ اور آنا جانا تھا، ان میں رسم و رواج، ثقافت اور مضبوط لسانی ہم آہنگی قائم تھی اور مشہور بونونا تہوار سالانہ طور پر باری باری مناتے تھے لیکن اس کے بعد ان کا باہمی سماجی اور لسانی رابطہ منقطع ہو گیا۔

---

9 گریرسن، ہندوستان کا لسانیاتی جائزہ

10 A. H. Francke, 1907. History of Western Tibet. Reprinted as Baltistan and Ladakh, 1986 by Lok Virsa, Islamabad

11 حسن حسرت، 2004۔ پاکستان کا ثقافتی انسائیکلو پیڈیا شمالی علاقہ جات۔

لسانی بنیادوں پر کہا جاسکتا ہے کہ بروقپادارد لوگ پہلی صدی عیسوی کے بعد مختلف گروہوں اور اوقات میں مرول سے داہ ہنو لداخ تک پہنچے۔ یہی دور مون لوگوں کا بھی ہے جو ہماچل پر دیش سے بلتستان اور ان علاقوں تک پہنچے اور بروقپالوگوں کے آس پاس آباد ہوئے۔ مون لوگ بنیادی طور پر موسیقار اور ترکھان تھے۔

لداخ، کارگل اور دراس کے دارد لوگوں کی ہجرت ایک ہی دور، ایک ہی جگہ یا ایک ہی راستہ سے نہیں ہوئی۔ ان لوگوں نے بروشال، گلگت اور چلاس کے مختلف علاقوں سے نقل مکانی کی۔ بلتستان، کارگل اور دراس کی طرف شین لوگوں کی نقل مکانی 17ویں صدی عیسوی تک وقفے وقفے سے جاری رہی۔ بلتستان کے حکمران علی شیر خان انچن نے بعض حساس علاقوں کے دفاع کے لیے چلاس اور داریل تانگر سے کئی شین دارد لوگوں کو لے جاکر بلتستان میں آباد کیا اور کئی شین لوگ دشمنی یا معاشی تنگی کی وجہ سے بلتستان کی طرف منتقل ہوئے۔

بروقسکت زبان

بروقسکت زبان ہند آریائی لسانی گروہ کی ذیلی شاخ داردی سے تعلق رکھتی ہے جو شینا زبان سے ماخذ ایک بدلی ہوئی زبان ہے۔ بروقسکت، اُشوجو، کلکوٹی، پالُولا، ساوی اور کنڈل شاہی زبانیں جو صدیوں قبل مرکزی شینا زبان سے الگ ہوئیں آج اپنی انفرادی شناخت قائم کر چکی ہیں۔ ان میں بروقسکت سب سے پہلے مرکزی شینا زبان سے الگ ہوئی۔ بروقسکت زبان میں اتنی لسانی تبدیلی آچکی ہے کہ اسے دوسرے شینا لہجوں والے لوگ نہیں سمجھ سکتے۔ ہندوستانی حصے میں کسی حد تک اس زبان پر بعض مقامی لوگوں نے تحقیقی کام کیا ہے جن میں راما سوامی، سوانگ گیلسن، عارف لداخی اور مختار زاہد کرکتی شامل ہیں تاہم پاکستانی علاقے میں بروقسکت زبان اور تاریخ وثقافت پر کام کرنے والوں میں صرف دو محققین شامل ہیں جن کے نام جناب عاشق فراز اور جناب محمد قاسم آریان ہیں۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ دارد بروقپالوگ دوسری پہلی عیسوی کے درمیان بروشال سے نقل مکانی کے بعد گلگت بلتستان سے ہوتے ہوئے گنُوخ اور اس کے مضافات کے علاوہ لداخ تک پہنچے اور وہاں آباد ہوئے تاہم لداخ کے بروقپادار دوں پر تحقیق کرنے والے ایک محقق جناب A. H. Francke کا کہنا ہے کہ بروقسکت اور عام شینا زبان میں جتنا لسانی تغیّر اور بُعد پیدا ہو چکا ہے اس کی بنیاد پر بروقپالوگوں کی نقل مکانی کافی قدیم معلوم ہوتی ہے۔

معروف محقق جناب Anton Kogan [12] نے اپنے ایک تحقیق مقالے میں تبتی بولیوں یا زبانوں پر داردی اور بروشسکی زبانوں کے اثرات کے حوالے سے اپنے ایک تحقیقی مقالے میں لکھا ہے کہ:

"بروقسکت پہلی صدی عیسوی کے زمانے میں مرکزی شینا سے الگ ہوئی۔ لداخ کے تبت سے پہلے کے باشندے جدید بروکپالوگوں کے آباؤ اجداد تھے۔ لیکن کیا واقعی اس کا مطلب یہ ہے کہ علاقے میں دارد ک نسلی اور لسانی ذیلی سطح کا مسئلہ اب مزید متعلقہ نہیں رہا؟ اس سوال کا جواب نفی میں دینے کی کچھ وجوہات ہیں۔ فرانکی کی رہنمائی میں کی گئی آثار قدیمہ کی کھدائیوں سے پتہ چلتا ہے کہ تبتیوں کے پھیلاؤ سے پہلے، لداخ میں قفقاز (کا کیشین) نسل سے تعلق رکھنے والے اور کچھ ثقافتی خصلتوں کے حامل افراد کی آبادی تھی، جیسے تدفین کے طریقے، دارد ک اور بروشسکی بولنے والوں کی طرح"۔

بروقسکت زبان کی ایک خوبی یہ بھی کہ اس میں دو اور تین مصمّتی خوشے کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ بقول راماسوامی بروقپا زبان میں یک رُکنی سے سات رُکنی سلیبلز کے الفاظ پائے جاتے ہیں تاہم دو رکنی سلیبلز کی تعداد زیادہ پائی جاتی ہے۔

چوں کہ بروقپالوگوں نے بروشال کے جغرافیہ سے نقل مکانی کی تھی اس لیے ان کی بروقسکت زبان پر لازماً کچھ نہ کچھ بروشسکی زبان کا اثر بھی رہا ہو گا جیسا کہ اس کے مصادر کا اختتام عام طور پر /س/ پر ہوتا ہے۔

[12] *Anton Kogan,* On possible Dardic and Burushaski influence on some Northwestern Tibetan dialects. Institute of Oriental Studies, Russian Academy of Sciences, Moscow

بروقسکت زبان میں موجودہ شینا زبان، مشترکہ داردی زبانوں، پروٹو داردی اور قدیم، وسطی اور جدید سنسکرت کے بہت سے الفاظ پائے جاتے ہیں تاہم اب اس میں تبتی اور بلتی زبان کے بے شمار الفاظ بھی داخل ہو چکے ہیں۔

بروقسکت زبان میں وہ تمام اضافی مُصمّتی آوازیں/ چ، چھ، څ، څھ، ژ، ښ، ڻ/ پائی جاتی ہیں جو دیگر داردی یا شینا زبان میں موجود ہیں۔ اس زبان کے مقامی الفاظ میں /ج/ کی آواز زیادہ تر /ژ/ سے بدل جاتی ہے۔ اضافی طور پر اس زبان کے اپنے الفاظ میں /خ،غ،ق/ کی آوازیں بھی پائی جاتی ہیں جو کہ دراسی یا گلگتی شینا میں ناپید ہیں لیکن شینا کوہستانی اور ہنزہ کی شینا میں پائی جاتی ہیں۔ غالب امکان ہے کہ یہ ایریل فیچر کی دین ہے۔

بروقسکت یادارد آریا؟

آج تک جتنی بھی لسانی تحقیقات ہوئیں ہیں ان میں تمام محققین نے یہ تصدیق کی ہے کہ بروقسکت کا تعلق شینا زبان سے ہے اور شینا سے کٹ کر یاالگ سے اس کی کوئی لسانی شناخت نہیں۔ بروقسکت اُن دارد شین لوگوں کی زبان ہے جو صدیوں پہلے گلگت بلتستان سے ہجرت کے بعد کھرمنگ اور لداخ تک پہنچے اور ان علاوں کو آباد کیا۔ اس کے برعکس لداخ کے بعض لوگ سیاسی اور انتظامی بُغض کے باعث بروقسکت اور شینا کی لسانی نسبت کو مسترد کرتے ہوئے اسے "درد آریا" کا نیانام دینے کی کوشش کر رہے ہیں جو ایک نئی اختراح ہے۔ داردوں اور داردی زبانوں کی اپنی ایک شاندار تاریخ رہی ہے۔ بروقسکت کو شینا ماخذ سے کاٹ کر اور اسے غیر شینا قرار دے کر اسے کبھی بھی معدوم ہونے سے نہیں بچایا جا سکتا۔ بروقسکت کو شینا زبان کے تیس لاکھ کے دھارے سے کاٹ کر چار پانچ ہزار کی "دارد آریا" زبان کا نیانام دینا کوئی معقول جواز نہیں البتہ یہ ایک سیاسی اور انتظامی چال ہے جو بروقپا اور بروقسکت کی اصل تاریخ اور حقائق کو مسخ کرنے کے مترادف ہے۔

بروقسکت زبان پر مذہبی اثرات

لداخ سے کھرمنگ تک دریائے سندھ کے کناروں پر آباد بروقپالوگوں اور ان کے ارد گرد کے علاقوں میں پائے جانے والے دوسرے لوگ مختلف مذاہب اور مسالک کے پیروکار ہیں اور اس کے مذہبی اثرات بروقپالوگوں پر بھی مرتب ہوئے ہیں۔ بروقپالوگوں کا قدیم مذہب داردی تھا اور یہ لوگ لداخ تک پھیلے ہوئے تھے۔ تبتی حکومتی عمل دخل کے باعث ان پر بودھی مذہبی اثرات غالب آنا شروع ہوئے اور اس کے بعد اسلام۔ اس طرح کئی بروقپالوگوں نے اسلام قبول کیا کئی نے بودھی مذہب اور کئی نے اپنے قدیم مذہب میں رہتے ہوئے نئے نظریات بھی قبول کیے۔ اس طرح ان کی زبانوں میں مذہبی تعلیمات، عبادات اور عصری تعلیم، سماجی روابط اور ثقافتی میل ملاپ، ذرائع ابلاغ کے اثرات، جدید معاشی اور زرعی سرگرمیاں، ہمسایہ زبانوں کے اثرات جن میں تبتی، بلتی، پُرگی، عربی، فارسی اور اردو شامل ہے کے بے شمار الفاظ اب بروقسکت زبان کا حصہ بن گئے ہیں اور ان کی خالص بروقسکت زبان تیزی کے ساتھ شینا زبان سے دُور ہوتی گئی ہے۔ بروقسکت کے سرمایہ الفاظ میں ایک بڑا حصہ شینا زبان کا ہے۔ جناب مختار زاہد کا کہنا ہے کہ بروقسکت میں ایسے الفاظ بھی پائے جاتے ہیں جن کا ماخذ نامعلوم ہے۔

بروقسکت اور شینا زبان

بروقسکت زبان کا پس منظر جاننے کے ضروری ہے کہ شینا زبان کا پس منظر سمجھا جائے جو کہ بروقسکت کی اصل جڑ ہے۔ سلسلہ ہمالیہ، قراقرم اور ہندوکش کے پھیلے ہوئے بالائی پہاڑی سلسلوں میں لداخی، پُرگی، بلتی، ڈُوماکی، بروشسکی، وخی اور یدغہ کے علاوہ بعض مقامات پر سریقولی، مُڈکلشٹی، مُنجی، کرغزی، اور سونی وار، گوجری، ہندکو اور پشتو بولنے والے بھی پائے جاتے ہیں۔ متزکرہ زبانوں کے علاوہ اس خطے میں ایک بڑی تعداد ہند آریائی زبانوں کے شمال مغربی لسانی گروہ کی ذیلی داردی شاخ کی کم و بیش 28 سے زائد زبانیں بولی جاتی ہیں جن کے چھ تحتانی لسانی گروہ پائے جاتے ہیں۔ اس خطے کی سب سے قدیم زبان بروشسکی ہے جو دنیا کی ایک تنہا زبان ہے جس کا کسی بھی دوسری زبان سے لسانی تعلق تاحال ثابت نہیں ہوا۔ شینا ایک اہم داردی زبان ہے۔

داردی زبانیں اپنی لِسانی قدامت کے اعتبار سے پاکستان میں اہم زبانیں سمجھی جاتی ہیں۔ ڈاکٹر Sarvepalli[13] کا کہنا ہے کہ:

The above Indo-Aryan languages and dialects all go back to the speech of the period of the Rg-Veda as their ultimate source. Side by side with these, there is another group of Aryan speeches which is slightly different from the Vedic. These are the Dardic speeches like Kashmiri, Shina, Bashgali, Pashai, Wai-ala, etc. The ancient Aryan speech, the source of both the Vedic and the Avestic languages, modified itself into three distinct groups:

(1) Indo-Aryan, which came into India and developed there;

(2) Iranian, the form it took up in Iran;

(3) Dardic, current in the extreme north-west frontier

ماضی بعید میں شینا اور دوسری داردی زبانیں ایک بڑے اور وسیع جغرافیائی رقبے پر پھیلی ہوئیں تھیں اور ان کے لسانی اثرات تبت، لداخ، بلوچستان، سندھ، پنجاب، گندھارا اور وزیرستان تک پھیلے ہوئے تھے۔ داردی قبائل ایک عظیم تہذیب اور لسانی تاریخ کے حامل رہے ہیں۔

داردی زبانوں کے لسانی اثرات

داردی زبانیں ماضی بعید میں ایک بڑے لسانی جغرافیہ پر پھیلی ہوئی زبانیں مانی جاتی ہیں۔ ان زبانوں میں ایک اہم زبان شینا داردی ہے جو آج کل انڈس کوہستان، گلگت بلتستان، نیلم وادی، لداخ اور مقبوضہ کشمیر کے بعض علاقوں (کرگل، دراس، گریز) میں میں بولی جاتی ہے۔

[13] *DR. Sarvepalli, Cultural heritage of India, P- 55-*

ماہر لسانیات گریرسن کی ہندوستانی زبانوں کی لسانی تحقیقات کے مطابق شینا داردی زبان نے ایک دور میں یہاں بلتستان اور مغربی تبت تک کا احاطہ کیا ہوا تھا، جہاں اب تبتی برمن زبانیں بولی جاتی ہیں۔ گریرسن نے زبان دانی، الفاظ اور Philology کی بنیاد پر کہا ہے کہ شینا دارد زبان نے اپنے عروج کے دور میں قدیم گندھارا، پنجابی اور لہندا کے تقریباً سبھی علاقوں بلکہ پورے پنجاب کا احاطہ کیا ہوا تھا کیوں کہ اس صوبے کی موجودہ زبانوں میں اب بھی پہلے دور کی داردی زبان کے لسانی نشانات، اثرات اور عنصر نظر آتا ہے۔ جنوبی خطے کا پہاڑی علاقہ جہاں اب کھیتران قوم آباد ہے اور جہاں کیتھرانی زبان بولی جاتی ہے یہ زبان بھی داردی لسانی اثرات کی حامل ایک مخلوط شکل کی مرکب زبان نظر آتی ہے۔اس سے آگے مزید جنوب میں واقع سرائیکی اور سندھی زبان پر بھی داردی زبان نے اپنے گہرے لسانی نقوش اور اثرات چھوڑے ہیں جن کا اعتراف ڈاکٹر غلام علی الانا اور ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ(2009) نے اپنی کُتب اور تحقیقی مقالات میں کیا ہے۔ شمال کی طرف چمبہ سے نیپال تک نچلے ہمالیہ کی دوسری ہند آریائی زبانیں بھی داردی زبان کے واضح اثرات ظاہر کرتی ہیں۔ ''کھاسا'' جو ایک شین داردی قبیلہ تھا اس نے اس راستے کی گزرگاہوں پر ایک دور میں قبضہ کیا ہوا تھا اور یہاں کی زبانوں کو متاثر کیا ہے۔اسی طرح مغربی وسطی ہندوستان کی بھیل زبانوں (دراوڑی سے پہلے کی ایک مُنڈا زبان) میں اور جنوب کی طرف گووا کے کونکانی مراٹھی میں بھی ایسی ''آوارہ لسانی خصوصیات'' پائی جاتی ہیں جن کو لسانی طور سمجھنے اور لسانی تفہیم و محاسبہ کے لیے ابتدائی داردی لسانی اثر کو قبول یا تسلیم کیے بغیر ممکن نہیں [14]۔

داردی زبانوں کی لسانی گروہ بندی کے متعلق ماہر لسانیات گریرسن کا کہنا ہے کہ:

It has been previously pointed out that the Dardic or Pisacha languages occupy a position intermediate between the Sanskritic languages of India proper and the Eranian languages farther to their

---

14 گریرسن، ہندوستان کالسانیاتی مطالعہ / سروے، جلد1، صفحہ 109۔

west. They thus possess many features that are common to them and to the Sanskritic language[15].

جناب گریرسن کا کہنا ہے کہ سنسکرت میں جان بوجھ کر ایسے بے شمار دوسری پراکرتوں کے الفاظ داخل کیے گئے ہیں جنہیں سنسکرت کے قواعد دان ویدک سنسکرت میں انہیں تلاش کرنے سے قاصر ہیں۔

سنسکرت الفاظ کے متعلق اُن کا کہنا ہے کہ: Classical Sanskrit, also derived from one of the Primary Prakrit dialects, but fixed in its existing form by the labors of grammarians—that may be said to have culminated in the work of the famous Panini in about the fourth century B. c. This sacred language, jealously preserved by the Brahmans in their schools, had all the prestige that religion and leaning could give it. It borrowed freely from the Secondary Prakrits, and they in turn borrowed freely from it, and, as at the present day, the more highly educated Prakrit-speaking population freely interlarded their conversation with Sanskrit words. These words, once borrowed, suffered a fate similar to that of the ancient Primary Prakrit words which came down to them by direct descent. They became distorted in the mouths of the speakers, and finally became Prakrit in form, though not by right of origin[16].

---

[15] Linguistic Survey of India,Vol-8, P-241۔

[16] Grierson, LSI, Vol-1, P-127

It included all words which the grammarians were unable to refer to Classical Sanskrit as their origin. Many such words were included in this group simply through the ignorance of the writers who catalogued them.

چترال سے تعلق رکھنے والے نامور محقق جناب ممتاز حسین داردی لوگوں کے متعلق اپنے ایک مقالہ میں لکھتے ہیں کہ:

"گندھارا تہذیب کے عروج کے زمانے میں اس علاقے کی آبادی کی اکثریت داردی نسل پر مشتمل تھی۔ اس زمانے میں بدھ مت اس علاقے کا غالب مذہب تھا۔ مذہبی اثرات کے تحت سنسکرت علاقے کی علمی زبان تھی اور لکھنے پڑھنے کا کام اسی زبان میں ہوتا تھا۔ تاہم بول چال کے لیے داردی لوگوں کی اپنی زبانیں استعمال ہوتی تھیں۔ یہ گندھارا تہذیب کا زمانہ داردی لوگوں کا زریں عہد تھا اور یہ علاقہ دنیا کے متمدن ترین خطوں میں شمار ہوتا تھا"۔

قدیم گندھارا کے علاقوں میں جب حملہ آوروں کا زور بڑھنے لگا تو شینا اور داردی زبانیں بولنے والے قبائل مزید شُمال کی جانب دھکیلے گے اور انہوں نے شمال میں پہلے سے آباد قبیلوں کو مغلوب بنایا۔ اس کے ساتھ ساتھ شیناز ُبان بولنے والے مختلف چھوٹے قبیلائی گروہ انڈس کوہستان، چھلاس اور گلگت سے بلتستان، گُریز، دراس اور لداخ کی جانب بڑھے اور وہاں آباد ہوئے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کئی شینا بولنے والے قبیلے بالائی ہزارہ (پکھلی) سے مظفر آباد کے راستے کشمیر اور ہندوستان کے بعض علاقوں تک پہنچے ہوں۔(رازول،1998)

شیناز ُبان

شیناز ُبان ایک ہند آریائی داردی زُبان ہے جو ہند آریائی لسانی گروہ کی شمال مشرقی ذیلی لسانی گروہ کی داردی لسانی شاخ سے تعلق رکھتی ہے۔ داردی لسانی گروہ کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ گروہ اپنے مرکز

(وسط ایشیاء) سے اُس وقت علیحدہ ہوا یا برصغیر کی طرف ہجرت کی جب ویدی اور اوستا بولنے والے ابھی ایران میں کوئی مشترکہ زبان بول رہے تھے اور انہوں نے برصغیر کی طرف نقل مکانی شروع نہیں کی تھی۔ زیادہ تر مورخین کا خیال ہے کہ شینا زبان اور دوسری داردی زبانوں والے قدیم آریائی طائفوں نے دو سے اڑھائی ہزار سال قبل مسیح کے دوران مختلف گروہوں میں کاکیشیا سے برصغیر کی طرف ہجرت شروع کی اور مختلف راستوں سے ہوتے ہوئے یہاں تک پہنچے۔ دُنیا کی اکثر قومیں جو آریائی لسانی گروہ سے تعلق رکھتی ہیں انہوں نے وسط ایشیاء یعنی کاکیشین علاقوں سے ہجرت کی اور یہ دنیا کی سب سے بڑی انسانی ہجرت تھی جو 4500 سال ق م میں شروع ہوئی اور 500 سال ق م تک جاری رہی۔ یورپ تک پہنچنے والی اقوام کا شمار انہی میں ہوتا ہے۔

مشکل جغرافیائی علاقوں کے باعث داردی زبانیں بولنے والے ایک طویل عرصہ تک زیریں علاقوں کے لسانی گروہوں سے کٹے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ داردی زبانیں دوسری پاکستانی زبانوں سے قدرے مختلف ہیں۔

شینا زُبان کم و بیش پانچ ہزار قبل مسیح کی ایک قدیم داردی زبان سمجھی جاتی ہے[17]۔ شینا اور داردی زبانوں میں وہ صرفی، نحوی اور فونیائی خصوصیات پائی جاتی ہیں جو پاکستان کی زیادہ تر دوسری زبانوں میں ناپید ہو چکی ہیں۔ داردی زبانوں میں فعلی صرفیے افعال میں جُڑے ہوئے پائے جاتے ہیں۔ شینا زبان کو ایک تانی زبان بھی کہا جاتا ہے جس کے سُر اور تان کے مدوجزر سے الفاظ میں معنوی امتیاز پیدا ہوتا ہے۔ شینا زُبان کے ماہر جناب شکیل احمد شکیل [18] کا کہنا ہے کہ "شینا پروٹو کلاسک آریائی زبان ہے جس کی ابتدا کاکیشیا کے میدانوں اور وادیوں میں ہوئی اور یہ زبان پانچ ہزار سال قدیم ہے"۔

شینا زبان کا موجودہ لسانی ماحول

17 محمد امین ضیا، 1986۔ شینا قاعدہ اور گرائمر

18 شکیل احمد شکیل، 2021۔ شینا زبان کا ارتقا مطبوعہ سربلند، ایڈیٹر زُبیر توروالی، ادارہ برائے تعلیم وترقی، بحرین

شینازبان کاموجودہ لسانی جغرافیہ اس کے قدیم لسانی جغرافیہ سے کئی گُنازیادہ سُکڑاہواہے۔ موجودہ دور میں شینازبان سلسلہ ہمالیہ، قراقرم اور ہندوکُش کے ایک وسیع لسانی جغرافیہ کے کئی مقامات پر بولی جاتی ہے جو جموں کشمیر میں گریز، دراس، بٹالک، لداخ، آزاد کشمیر کی نیلم وادی میں تاؤ بَٹ اور پُھلوائی، پاکستان میں پورے ضلع دیامر چلاس، نصف سے زائد گلگت کے حصّے، اسکردو کے کئی مقامات، ضلع غذر کے اکثر علاقے، ضلع اپر کوہستان کے نصف حصّے اور ضلع کولئی پالس کوہستان کے تمام ضلع میں بولی جاتی ہے۔ یہ موجودہ داردی زبانوں میں سب سے زیادہ بولنے والی زبان ہے۔ اس کے بولنے والوں کی بعض بستیاں اور آبادی آج کل اپنے موجودہ جغرافیہ سے باہر پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان اور آزاد کشمیر کے بعض دوسرے علاقوں میں بھی پائی جاتی ہے۔

Shina is an Indo-Aryan language of the Dardic group, spoken in the Karakorams and the western Himalayas: Gilgit, Hunza, the Astor Valley, the Tangir-Darel Valleys, Chilas, and Indus Kohistan, as well as in the upper Neelam Valley and Dras. Outliers of Shina are found in Ladakh (Brokskat), Chitral (Palula), Kunar valley Afganistan (Savi), Swat (Ushojo; Bashir 2003: 878) and Dir (Kalkoti) [[19]].

شینازبان کے موجودہ لسانی جغرافیہ میں بلتستان کے ارد گرد بعض داردی اور دوسری ہند آریائی، ایرانی، تبتو برمن (بلتی، پُرگی، لداخی)، گلگت اور غذر کے آس پاس بروشسکی، ڈُوماکی، وخی، کھوار، ہندوستان کے زیر قبضہ علاقوں میں شینا اور بروقسکت کے ارد گرد لداخی، تبتی، کشمیری، ہندی اور گوجری، انڈس کوہستان کے آس پاس داردی کوہستانی لسانی گروہ کی زبانیں، ضلع شانگلااور سوات کی طرف پشتو، ہزارہ ڈویژن کی طرف پشتو، ہندکو / تنولی بولی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ شینازبان کے وہ نئے میدانی یا شہری

[19] Razwal and Ruth Schmidt, 2006. *Shina in Contemporary Pakistan,* in Anju Saxena and Lars Borin, eds., Trends in Linguistics: *Lesser Known Languages of South Asia*. Berlin: Mouton de Guryter 2006.

علاقے (پنجاب، خیبر پختونخواہ اور سندھ) جہاں 1930 کے بعد نئی بستیاں اور آبادیاں معرض وجود میں آئیں اور جہاں لاکھوں شینا بولنے والوں کی مستقل یا عارضی آبادیاں پائی جاتی ہیں ان کا کئی دوسری زبانوں سے لسانی رابطہ قائم ہے۔ ان میں ہندکو، گوجری، پشتو، پنجابی، پوٹھواری، پہاڑی، کشمیری، سندھی اور اردو شامل ہے۔ شہری علاقوں میں آباد شینا بولنے والی نئی نسل کے لہجے میں بعض صوتی، صرفی اور لغوی تغیّر کے آثار نظر آرہے ہیں۔ موجودہ دور میں شینا زبان کے مختلف لہجوں کے اپنے اپنے جغرافیائی منطقوں میں بے شمار دوسری زبانوں کے ساتھ لسانی روابط ہیں۔ نظام تعلیم، دفاتر اور طبی مراکز وغیرہ میں اردو زبان کا رابطہ عام ہے جبکہ مذہبی تعلیم کے میدان میں عربی اور فارسی سے لسانی واسطہ ہے۔ ان علاقوں میں سماجی، ثقافتی، تجارتی، مذہبی، تعلیمی، ابلاغی، سیاسی اور لسانی روابط کے تحت مختلف زبانیں بولنے والے لوگوں کا ایک دوسرے سے روزمرہ واسطہ پڑتا ہے اور زبانوں کے کئی الفاظ کا تبادلہ ہوتا ہے۔ اس طرح کئی مقامی الفاظ معدومی کی طرف اور کئی بیرونی الفاظ دخول کی طرف سفر کرتے رہتے ہیں۔ ذرائع ابلاغ اور سوشل میڈیا کے توسط سے نئے نئے الفاظ زبانوں میں داخل ہورہے ہیں۔ گھر، حجرہ اور بیاک کے ماحول میں جو روایتی گفتگو اور لوک دانش پر بات چیت کا تبادلہ ہوتا رہتا تھا اب اس کی جگہ سوشل میڈیا نے لے لی ہے۔ مقامی زبانوں میں زرعی اوزار و زراعت، لباس، گھریلو اشیاء، موسیقی کے آلات اور روایتی دُھنیں، خوراک، ہتھیار اور نظام قرابت داری سے متعلق بعض قدیم الفاظ معدومی کا شکار ہیں اور نوجوان نسل اس قسم کے الفاظ سے بالکل آگاہ نہیں۔ اس کے باوجود ہم کہہ سکتے ہیں کہ شینا زبان کا لسانی ماحول کسی حد تک سازگار ہے اور وہ جنگ و جدل اور لشکر کشی اب نہیں جو ماضی بعید میں پائی جاتی تھی۔ اس زبان کو معدومی کا خطرہ نہیں، بولنے والوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے اور زبان کی ترویج کا عمل جاری ہے۔ سوشل میڈیا کے بدولت مختلف لہجے بولنے والے آپس میں رابطہ میں ہیں اور ایک دوسرے کے لہجوں کے لغوی سرمایہ سے مستفید ہورہے ہیں جس سے شیناز بان میں اندرونی طور پر اس کے مختلف لہجوں میں ہم آہنگی اور لُغوی اضافہ ہو رہا ہے۔ شاید تاریخ میں پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ بروقسکت، گریزی، دراسی، استوری، گلگتی، چلاسی، پُنیالی اور شینا کوہستانی لہجے بولنے والے سوشل میڈیا

کے توسط سے ایک دوسرے کے قریب ہوئے ہیں اور ایک دوسرے سے استفادہ حاصل کر رہے ہیں۔ ان تمام مثبت باتوں کے علاوہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اس زبان کا لوک ادب، فن داستان گوئی اور لوک شعری اصناف و ادب سے اس کے بولنے والے دور ہو رہے ہیں اور اس کے اِحیاء کی طرف کوئی خاص توجہ اور عملی کوشش نظر نہیں آرہی۔

شینازبان کالُغوی سرمایہ

شینا زبان کے لُغوی سرمایہ الفاظ میں پروٹو داردی، بروشسکی، قدیم، وسطی اور جدید سنسکرت، اوستا اور جدید فارسی و پشتو، ہندکو اور عربی کے الفاظ بھی اپنی اصل شکل میں یا صوتی تغیّر کے ساتھ پائے جاتے ہیں۔ کم تعداد میں مُنڈا اور دراوڑی زبانوں کے بعض الفاظ کا سراغ بھی ملتا ہے[20]۔

شینابولنے والے

شینا زبان بولنے والی بڑی اقوام میں شِین، یشکُن اور کمین اقوام سرفہرست شامل ہیں۔ شینا شِین لوگوں کی مادری زبان تھی اب یشکُن اور کمین لوگوں کی بھی مادری زبان بن چکی ہے۔ انڈس کوہستان اور گلگت بلتستان میں گبارہ اور چھِلِیس اقوام نے بھی شِینا زبان اپنا لی ہے جن کی اصل مادری زبان گباری اور چھِلسِیوَ ہے جس کے بولنے والے انڈس کوہستان میں کم تعداد میں بچے ہوئے ہیں۔ یہ دونوں زبانیں معدومی کے شدید خطرات سے دوچار ہیں۔

ان کے علاوہ گلگت بلتستان میں کئی دوسری اقوام بھی پائی جاتی ہیں (کشمیری، مُغل، قریشی وغیرہ) جنھوں نے شینازبان اپنالی ہے۔ ان خطوں میں آباد گُجر لوگ اپنی زبان کے ساتھ ساتھ اضافی طور پر شینازبان بھی بولتے ہیں۔

[20] رازول کوہستانی' 2021۔ شینا کوہستانی اردو لُغت 'گندھارا ہندکو اکیڈمی' پشاور

چند بڑے داردی گروہ یا قبیلے

ہمالیہ، قراقرم اور ہندوکُش میں بہت سے داردی قبیلے یا گروہ پائے جاتے ہیں جو مختلف مادری زبانیں بولتے ہیں۔ ان قبیلوں اور گروہوں میں چند اہم یہ ہیں:

اُشوجو: یہ ایک شِین قبیلہ ہے جو کولئی سے نقل مکانی کے بعد ضلع سوات میں آباد ہوا اور اب اُشوجو زبان بولتا ہے۔ ان کی تعداد پانچ ہزار سے زائد ہے؛

بٹیڑوی: یہ لوگ ضلع کولئی پالس کوہستان میں بٹیڑہ وادی میں آباد ہیں اور بٹیڑی زبان بولتے ہیں۔ ان کی تعداد تیس ہزار سے زائد ہے؛

پشایي: یہ لوگ افغانستان میں آباد ہیں اور پشایي زبان بولتے ہیں، بعض اوقات یہ خود کو نورستانی بھی کہلاتے ہیں۔ ان کی تعداد ایک ملین بتائی جاتی ہے؛

توروال: یہ قوم بحرین سوات میں آباد ہے اور ان کی مادری زبان توروالی ہے۔ ان کی کئی ذیلی شاخیں پائی جاتی ہیں۔ ان کی تعداد ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد ہے؛

تیراہی: یہ لوگ پہلے کرم ایجنسی میں تیراہ میں آباد تھے آج کل افغانستان میں ہیں اور تیراہی زبان بولتے ہیں؛

چِھلِیس: یہ لوگ کوہستان، چلاس، گلگت کے بعض مقامات پر آباد ہیں۔ ان کی مادری زبان چِھلِیس ہے لیکن اب اکثریت نے شِیناز بان اپنالی ہے؛

دامیان: یہ لوگ وادی دمیل چترال میں دروش اور آرندو کے قصبے کے درمیان آباد ہیں۔ یہ اپنی زبان کو "دامیاں باشا" کہتے ہیں؛

دیگانو: یہ قبیلہ افغانستان میں آباد ہے؛

ساوی: یہ لوگ افغانستان کی کُنڑ وادی میں آباد ہیں اور شِین قوم سے تعلق رکھتے ہیں، ان کی زبان ساوی کہلاتی ہے؛

شُشماتی: یہ قبیلہ افغانستان میں آباد ہے؛

شِین: شمالی پاکستان کی سب سے بڑی قوم جو لداخ سے ہندو کُش تک مختلف علاقوں میں آباد ہے۔ شِینا بولنے والوں کی تعداد تیس لاکھ سے زائد ہے؛

شِین ماچوک: یہ لوگ چترال میں عشریت، بیوڑی، کلٹک اور شیشی کوہ کے بعض مقامات پر آباد ہیں اور اب پالُولا زبان بولتے ہیں؛

شِین بروقپا: یہ لداخ کے ضلع لیہہ، کارگل اور بلتستان کے ضلع کھرمنگ میں پائے جاتے ہیں اور شینا بروقسکت زبان بولتے ہیں؛

کالاش: یہ لوگ چترال میں بریر، بمبوریت اور رمبور وادی میں آباد ہیں اور کالاشا زبان بولتے ہیں۔ ان کی تعداد پانچ ہزار سے زائد ہے؛

کتہ /کتُور: کتہ لوگ افغانستان کے صوبہ نورستان اور پاکستان میں چترال کے بعض مضافاتی گاؤں میں آباد ہیں ان کی زبان کتہ وری کہلاتی ہے؛

کریگلی: یہ لوگ افغانستان میں آباد ہیں؛

کلکوٹی: یہ شِین لوگوں کا ایک قبیلہ ہے جو دیر کلکوٹ میں آباد ہے۔ ان کی زبان کلکوٹی کہلاتی ہے؛

کمین: ان کی مادری زبان شینا ہے جو اسکردو سے انڈس کوہستان تک مختلف علاقوں میں آباد پائے جاتے ہیں؛

کُنڈل شاہی: یہ لوگ نیلم وادی میں کُنڈل شاہی کے مقام پر آباد ہیں اور ان کی زبان بھی اسی نام سے موسُوم ہے؛

کھو: کھو لوگ چترال کے اکثریتی علاقوں میں آباد ہیں اور کھوار زبان بولتے ہیں؛

گاوری: یہ لوگ ضلع دیر اور ضلع سوات میں آباد ہیں اور گاوری زبان بولتے ہیں؛

گبارہ:	کوہستان، چلاس، گلگت اور بعض دوسرے مقامات پر آباد ہیں۔ ان کی مادری زبان گباری /گبارو ہے لیکن اکثریت نے شِینازبان اپنالی ہے؛
گوَر:	دریائے کُنڑ کے کنارے افغانستان اور پاکستان کے سرحدی علاقے میں آباد ہیں اور زبان گوَرباتی کہلاتی ہے؛
مانکیالی:	یہ مانسہرہ کے علاقے بانڈی شُنگلی میں آباد ہیں اور کوہستان کے بٹیڑی قبیلہ سے الگ ہوئے ہیں؛
مرُوخ:	یہ لوگ زیادہ ترچِلاس میں پائے جاتے ہیں اور شِینازبان بولتے ہیں؛
منی،منزری:	یہ انڈس کوہستان کے مغربی حصہ میں آباد ہیں اور انڈس کوہستانی زبان بولتے ہیں۔ نسبی اعتبار سے توروالیوں کے قریب ہیں؛
یشکُن:	ان کی مادری زبان شینا ہے جو لداخ سے ہندوکُش تک مختلف علاقوں میں آباد ہیں۔ کئی لوگ انہیں بروشو قرار دیتے ہیں لیکن یہ شِینوں کی ایک الگ شاخ ہے؛

بروقپازبان کو معدومی کے خطرات

تاریخی طور پر لداخ اور کھرمنگ کے دارد بروقپالوگ بڑے سماجی، سیاسی، معاشی مسائل اور مظالم سے گزرے ہیں۔ تاریخ میں ان کی بروقسکت زبان بولنے پر پابندی لگائی جاتی رہی ہے[21]۔ کھرمنگ کے جن پاکستانی علاقوں میں بروقسکت زبان معدوم ہو چکی ہے ان میں سنکرمو، واچرہ، مرمَق اور گنگھچے کا ایک گاؤں تھلے شامل ہے۔

یہاں یہ کہنا ضروری ہے کہ لداخ اور کارگل و دراس میں شِینابروقسکت اور شِینا استوری لہجہ بولنے والے شِین دارد آباد ہیں اور دونوں الگ الگ لسانی یا نسبی گروہ سمجھے جاتے ہیں۔

[21] A. H. Francke, 1907. History of Western Tibit. Reprinted by Lok Virsa in 1986

بلتستان میں بے شمار لوگوں نے اپنی زبان (شینا اور بروقسکت) ترک کرلی ہے اور اب بلتی بولتے ہیں۔ جن علاقوں میں زیادہ لوگوں نے اپنی زبان ترک کی ان میں سکردو کا ایک مضافاتی علاقہ تندل شامل ہے اسی طرح سکردو کا علاقہ گھمبا حلقہ نمبر 2 بھی۔ کھرمنگ کے علاقے سِنکرمو میں پہلے گنوخی (بروقسکت) زبان بولی جاتی تھی۔ پھر اس زبان پر پابندی عائد کی گئی جس کی وجہ سے اس علاقہ میں یہ زبان معدوم ہو گئی تاہم اب بھی کھیتوں، چراگاہوں اور کئی دوسرے نام گنوخی (بروقسکت) کے پائے جاتے ہیں۔ اسی طرح کھرمنگ کے گاؤں طولتی اور مہدی آباد میں کبھی شینا بولی جاتی تھی بہت پہلے ختم ہو گئی ہے۔ کھرمنگ کے علاقہ غندوس میں بھی پہلے بروقسکت بولی جاتی تھی وہاں سے بھی یہ زبان معدوم ہو چکی ہے۔ بروقسکت زبان پر اسی قسم کی پابندی کے متعلق لداخ کے تاریخی واقعات بھی پائے جاتے ہیں جس کا ذکر جناب A. H. Francke نے اپنی کتاب [22] میں کیا ہے اور لکھا ہے کہ لداخ کے ایک تبتی حاکم نے بروقسکت زبان بولنے پر سخت پابندی عائد کی تھی اور نگرانی کے لیے جاسوس مقرر کر رکھے تھے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بروقسکت بولنے والے لوگوں کو مختلف ادوار میں مادری زبان بولنے پر سخت پابندیوں کا سامنا کرنا پڑا اور بعض مقامات پر احساس کمتری کے تحت اور بعض علاقوں میں بیرونی شادیوں کے باعث اپنی زبان ترک کرنے پر مجبور ہوئے۔

ضلع کھرمنگ کے جن علاقوں میں آج کل بروقسکت بولی جاتی ہے ان میں گنُوخ، دنسر، مرول، ژھے ژھے تھنگ سرفہرست ہیں۔ اسی طرح کھرمنگ کے جن علاقوں میں بروقسکت معدوم ہو چکی ہے ان میں سنکرمو، واچرہ، مرمَق اور کنگھچے کا ایک گاؤں تھلے شامل ہے۔

بروقسکت بولنے والوں کی زیادہ تعداد کرگل میں پائی جاتی ہے۔ شرچے، چُلیچین، بٹالک، گرکون، درچک بٹالک سیکٹر میں آتے ہیں۔ ضلع لیہہ کے ہنو گاؤں میں بروقسکت کُلی طور معدوم ہو چکی ہے۔ اسی طرح ضلع کرگل کے علاقہ لالونگ میں بھی معدوم ہو چکی ہے۔ کرگل کے ایک اور مقام سلموں میں 90 فیصد معدوم ہو چکی ہے۔ چُلیچین کا علاقہ بروقپا مسلم اکثریتی اور گرکون بودھی اکثریتی علاقہ ہے۔

[22]. A. H. Francke, 1907. Baltistan and Ladakh – A History, Lok Virsa, Pakistan

لداخی بروقسکت زبان پر سوانگ گیلسن، راما سوامی، عارف لداخی اور مختار زاہد کرکتی نے لسانی تحقیقی کام کو آگے بڑھایا ہے۔ ان کے علاوہ پاکستانی حصے میں گنُوخ کے جناب محمد قاسم آریان بروقسکت زبان کا لُغت مرتب کر رہے ہیں۔ بٹالکی اور گنُوخی بروقسکت میں معمولی تغیّر پیدا ہو رہا ہے۔ بٹالکی پر گہرا تبتی اور گنُوخی پر گہرا بلتی کا اثر غالب آ رہا ہے۔ دونوں لہجوں کے تحفظ اور مقامی زبان کے رسم الخط کی تیاری اور اس زبان کی دستاویز بندی بہت ہی ضروری ہے تا کہ اس زبان میں پائے جانے والے فوک لور، لوک ادب اور لسانی سرمائے کو اس زبان میں محفوظ کیا جا سکے۔ بقول مختار زاہد بعض بروقپالوگ تبتی رسم الخط کو ترجیح دیتے ہیں تاہم کئی بروقپالوگ شینا زبان کی طرح عربی رسم الخط اپنا رہے ہیں۔ پاکستانی علاقہ میں آباد بروقپا بھی عربی رسم الخط کو ترجیح دیتے ہیں۔

بونونو تہوار

بروقپا تہواروں میں بونونو، ناران، من ٹھانا، شاہ نصیر، موری پی پھن، ممانی، لوستون، روپہلا مَمنی، شِمنی، ہرپتسوس، نمبروز، شَمدُم، نارن، نَرنا وغیرہ تہوار اہم ہیں۔ بونونو ان کا مشہور تہوار ہے جس میں یہ لوگ اپنے ایک قدیم سردار گل سنگے سے متعلق رزمیہ گیت گاتے ہیں۔ یہ تہوار پاکستانی علاقہ میں آباد بروقپا لوگوں نے ترک کر دیا ہے۔ اس لیے ان کی باری والے سال یہ تہوار نہیں منایا جاتا۔ ہمارے محقق دوست جناب عاشق فراز نے اس تہوار کے متعلق اپنے ایک تحقیقی مقالہ میں لکھا ہے کہ:

> ”مل مل کھٹو میں رقص جاری ہے، شرکاء اونچی پر سوز آواز میں گا رہے ہیں، کبھی آواز مدہم، کبھی درد انگیز اور کبھی سریلی ہو جاتی ہے، یہ کوئی عام گیت نہیں ہے، قبیلے کی دربدری، زندگی اور موت کا رقص، دیوتاؤں کے ساتھ آبائی وطن سے انخلا اور طویل سفر کی داستان کہی جا رہی ہے۔ لیکن یہ گنوخ کے مل مل کٹھو میں نہیں بلکہ ڈاہ گرکون، ہنو لداخ کے مل مل کٹھو میدان میں ہو رہا ہے اور یہ سب

"بونونو تہوار" کے دوران ہوتا ہے۔ یہ تہوار ایک سال ڈاہ میں دوسرا سال گرکون میں اور تیسرا سال خالی۔ لیکن کیوں؟ تیسرے سال کا تہوار گنوخ کھرمنگ میں ہوتا تھا لیکن یہاں اشاعت اسلام کے بعد ترک کر دیا گیا یوں روایت کے مطابق خالی رہتا ہے۔ اور پھر ڈاہ لداخ سے شروع، اگلے سال گرکون میں اور پھر تیسرے سال خالی۔ یہ سلسلہ کئی صدیوں سے جاری ہے"۔

"اس تہوار میں ایک خاص گیت گایا جاتا ہے جس میں بتایا جاتا ہے کہ کس طرح بروشال (گلگت) سے یہ قبائل ذاتی دشمنی اور قبائلی جنگ و جدل کے باعث ہجرت کرنے پر مجبور ہوئے اور کس طرح گلگت، روندو، سکردو، خپلو اور کھرمنگ سے ہوتے ہوئے مرول، ژھے ژھے تھنگ، سنکرمو، گنوخ، ڈاہ، ہنو، گرکون، درچکس، خلسے اور دیگر علاقوں میں جاکر آباد ہوئے۔ دراصل یہ ہجرت کی کہانی ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ روندو، سکردو اور کھرمنگ کے جن جن مقامات پر ان قافلوں نے وقتی طور پر قیام کیا ہے ان میں اب بھی زیادہ تر جگہوں پر "درد" لوگ آباد ہیں۔ یہ گیت دراصل کئی دوسرے مناجاتی گیتوں کا ایک حصہ ہے جو یہ درد ان تہواروں میں گاتے ہیں"۔

"ہجرت والے گیت میں تذکرہ ہے کہ بروشل سے نکلنے کے بعد قافلہ گلیت آپہنچا، یہاں سے سسی، استق، فونگ کٹو، طورمک، بشو، کچورہ، چندہ، غوٹی چنگرہ، کریس، خپلو، غویس سے ہوتا ہوا گنوخ، سنید، ڈاہ گرکون اور ہنو جا پہنچا۔ جو دیوتا اس قافلے کے ساتھ ساتھ آیا اور جس کی پوجا ہوتی رہی اسے "نارل" کا نام دیا گیا ہے۔ راستے میں قافلے کے افراد نے روندو کے کسی مقام پر درددوں کا قدیمی کھیل "چھالو" بھی کھیلا۔ گنوخ، ڈاہ گرکون اور ہنو پہنچنے پر "مینارو" کے ساتھ لڑائی ہوئی"۔

"دراس اور شنگو شغر کے لوگ چلاسی اور یاغستانی افراد کو ینارو کہتے ہیں جبکہ کاچو سکندر خان کی کتاب "تاریخ لداخ" کے مطابق دراس والے ڈاہ، گرکون اور گنوخ ایریا کے لوگوں کو "کیانگو" اور ڈاہ، گرکون اور ہنو والے دراس کے لوگوں کو ینارو کہتے ہیں جب کہ گنوخ والے اب بھی برسیل کھرمنگ کے شین لوگوں کو ینارو کہتے ہیں"۔

چند دوسرے سالانہ تہوار

کہا جاتا ہے کہ 18 ویں صدی عیسوی تک بروقپالوگ مکمل طور پر داردی دیوی دیوتاؤں کی پوجا کرتے تھے اور باقاعدگی سے قربانیاں دی جاتی تھیں۔ فصل کی بٹائی اور بہار کی آمد پر تہوار منانے کا عام رواج تھا۔ ان تہواروں میں ان کے دیوتے لھانارل اور کھیابجنگ کے ناموں کے ساتھ ساتھ ان کی 7 دیوی بہنوں کا ذکر بھی پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ Aurthur Neva [23] نے اپنی کتاب میں دیوی شیرنگ، ہنو وادی کے دیوتا زن دان لھامو اور گرکون وادی کے دیوتا تاکن لھامو کا ذکر بھی کیا ہے۔ اس سے یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ دارد ستان کے دوسرے قبائل کی طرح ان کے ہاں بھی بعض دیوتے مختلف قبیلوں اور وادیوں سے مخصوص ہوتے تھے یا تعلق رکھتے تھے۔

